نظامِ حیات: از جناب کبیر کوثر ایم' اے۔ تقطیع خورد ضخامت ۸۰ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر قیمت 2/50 پتہ:۔ کتب خانہ رشیدیہ اُردو بازار جامع مسجد دہلی ۶

یہ کتاب قرآن مجید کے پارۂ عم کے اُردو منظوم ترجمہ پر مشتمل ہے جو محض بطور نمونہ شائع کیا گیا ہے۔ ورنہ کوثر صاحب کا ارادہ اسی نہج اور انداز پر پورے قرآن کا منظوم ترجمہ کرنے کا ہے اول تو ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرنا یُوں بھی سہل نہیں۔ پھر قرآن مجید کا ترجمہ اور وہ بھی نظم میں! جُوئے شیر لانے سے کم نہیں، کیونکہ بلاغت میں جس درجہ کی کتاب قرآن ہے اُس کی وجہ سے ایک لفظ کے آگے پیچھے ہو جانے سے ہی مطلب اور مفہوم کچھ سے کچھ ہو سکتا ہے اس بناء پر علمائے کرام اس کتاب مبین کا منظوم ترجمہ کرنے کی اجازت دینے میں ہمیشہ متامل ہوتے رہے ہیں تاہم کوثر صاحب کی کوشش لایق داد وتحسین ہے کہ انھوں نے حضرت شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی کے ترجمہ کو پیشِ نظر رکھ کر گویا خفیف سے ردوبدل کے ساتھ اُس کو ہی نظم کا جامہ پہنا دیا ہے۔ اس بنا پر یہ ترجمہ مستند بھی ہے اور شگفتہ و رواں بھی اور اس سے جہاں شاعر کی قدرتِ بیان وزبان کا اندازہ ہوتا ہے اُن کی نیک نیتی اور قرآن کے معاملہ میں احتیاط وتورع کا بھی پتہ چلتا ہے۔

نیل سے فرات تک

از: ڈاکٹر محمد اقبال صاحب انصاری

مصنف کے اُن خطوط کا مجموعہ جو مصر لبنان شام' اردن حجاز عراق اور یروشلم سے لکھے گئے۔ عرب دنیا کی ہلچل' ان کی کامرانیاں اور مایوسیاں، ان کی معاشرت اور سوچ بچار وغیرہ۔ عرب دنیا میں، خاص کر مصر میں قیام کے دوران مصنف کا اُردو دنیا کو ایک دستاویزی تحفہ۔

صفحات ۱۸۴ — قیمت مجلد تین روپے

معارف الآثار

از: لفٹننٹ کرنل خواجہ عبدالرشید صاحب

آرکیالوجی (اثریات) پر اہم کتاب، تاریخ قدیم' دریائے سندھ اور بحیرۂ اسود کے دریاؤں کے علاقوں کی قدیم تاریخ، جغرافیہ، آثار قدیمہ اور تہذیبوں کا تعارف ایران اور عراق کی قدیم تہذیبوں کا وہاں کے آثار کی بنیاد پر مطالعہ۔ مصنف نے خود ان علاقوں کا دورہ کر کے اور تحقیق نتائج حاصل کئے ہیں۔ صفحات ۱۴۰-

قیمت -/۳ — مجلد -/۴

ملنے کا پتہ:

مکتبہ بُرہان اُردو بازار جامع مسجد، دہلی ۶